# 23-12-2025 TUESDAY URDU NEWS BULLETINE 17.50 HRS

## سرخیاں

......ملک کے سیاسی نظام میں سابق وزیراعظم پی وی نرسمہاراو نے کئی ایک اہم فیصلے لئے تھے۔مرکزی وزیرکشن ریڈی کا بیان۔

......ریاستی حکومت یوریا کی غیرقانونی منتقلی کی روک تھام۔اورکسانوں کی سہولت اور یوریا کی سربراہی کو صاف وشفاف بنانے کے لئے موبائل ایپ کو متعارف کرائی ہے۔ریاستی وزیرٹی ناگیشورراو نے کیا دعوی۔

......آج ملک بھر میں قومی یوم کسان یعنی کسان دیوس منایا جارہا ہے۔۔

......محکمہ موسمیات نے کہا کہ آنے والے تین دنوں میں بعض مقامات پر کم سے کم درجہ حررات معمول سے تین تا چار ڈگری کم ریکارڈ ہونے کے امکانات ہیں۔

KISHAN REDDY

مرکزی وزیرکشن ریڈی نے کہا کہ ملک کے سیاسی نظام میں سابق وزیراعظم پی وی نرسمہاراو نے کئی ایک اہم فیصلے لئے تھے۔انہوں نے کہا کہ عالمی سطح میں ہندوستان معاشی نظام میں جواہم کردارادا کررہاہے اس کے پیچھے سابق وزیراعظم پی وی نرسمہاراو کا اہم رول شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی وی نرسمہاراو متحدہ آندھراپردیش کے وزیراعلی۔ وزیراور مرکزی وزیراور کئی ایک عہدوں پر فائز رہتے ہوئے ملک کی خدمات انجام دی ہیں۔

Kishhan reddy byte

سابق وزیراعظم پی وی نرسمہاراو کی اکیسویں برسی کے موقع پر حیدرآباد کے نیکلس روڈ پر واقع وی پی گھاٹ پر مرکزی وزیرکشن ریڈی نے سابق وزیراعظم پی وی نرسمہاراو کو خراج عقیدت پیش کیا۔

ATTAL

سابق وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی کی صدسالہ یوم پیدائش تقاریب حیدرآباد میں منعقد کی گئی۔اس تقریب میں سابق نائب صدرجمہوریہ وینکیا نائیڈو نے شرکت کی۔اورسابق وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر سابق نائب صدرجمہوریہ وینکیا نائیڈو نے کہا کہ سابق وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی کی زندگی ایک کھلی کتاب کی طرح ہے۔شیام پرساد مکھرجی کے خوابوں کی تکمیل کے لئے

انہوں نے کوشش کی تھی۔انہوں نے کہا کہ بی جے پی کی مضبوط بنیاد رکھنے میں واجپائی کا اہم رول ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ سابق وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی نے اپنے دور میں ایک مضبوط طاقت کے طور پر ہندوستان کو دوسرے ملکوں کے سامنے کھڑا کیا۔انہوں نے کہا کہ پی وی نرسمہا راو ملک میں اصلاحات لائے تھے لیکن اس پر عمل سابق وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی نے کیا۔

REVANT WISHES

وزیراعلی ریونت ریڈی نے کل سرپنچ۔اورنائب سرپنچ اور وارڈ ممبرس کی جانب سے اپنے عہدے کا حلف لینے پر ان کو مبارکباد دی۔وزیراعلی نے نومنتخب سرپنچ۔اورنائب سرپنچ اور وارڈ ممبرس سے کہا کہ وہ گاوں میں ترقیاتی کام انجام دیتے ہوئے گرام پنچایتوں کو ایک مثالی گرام پنچایت بنائیں۔انہوں نے گرام پنچایتوں کو ترقی دیتے ہوئے عوام کا اعتماد حاصل کرنے پر بھی زور دیا۔وزیراعلی نے سوشیل میڈیا پلیٹ فارم پر ایک پوسٹ جاری کیا۔جس میں انہوں نے یہ بات کہی۔

BOOK

گرام پنچایتوں کے سرپنچوں ۔نائب سرپنچوں ۔اور وارڈ ممبروں کے فرائض سے متعلق ایک واضح اطلاعات کے ساتھ 292 صفحات پر مشتمل محکمہ دیہی ترقی کی جانب سے تیار کئے گئے ایک کتاب کو وزیراعلی ریونت ریڈی نے کل جاری کیا۔اس پروگرام میں ریاستی وزراء نے شرکت کی۔محکمہ پنچایت راج کی جانب سے عوامی نمائندوں کو یہ کتاب دی جائے گی۔

TUMMALA

ریاستی وزیرٹی ناگیشورراو نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت یوریا کی غیر قانونی منتقلی کی روک تھام۔اور کسانوں کی سہولت کے لئے یوریا کی سربراہی کو صاف وشفاف بنانے کے لئے موبائل ایپ کو متعارف کرائی ہے۔انہوں نے کل سکریٹریٹ میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اپوزیشن جماعتیں ایپ پر غیر ضروری تنقیدیں کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ان کی تنقیدیں بے معنی ہیں۔ریاستی وزیر نے کہا کہ اگر کسان مطالبہ کریں تو حکومت اس ایپ میں تبدیل بھی لانے کے لئے تیار ہے۔

NATIONAL FARMERS DAY

آج ملک بھر میں قومی یوم کسان یعنی کسان دیوس منایا جارہا ہے۔ملک کے معاشی نظام میں کسانوں کے کردار کو واضح کرنے اور ان کو اعزاز بخشنے کے لئے اس دن کو منایا جاتا ہے۔ملک کے سابق پانچویں وزیراعظم چودھری چرن سنگھ کی یوم پیدائش پر اس دن کو منایا جاتا ہے۔زمینداری نظام کی منسوخی۔زمینی اصلاحات۔کسانوں کے حقوق کے لئے چودھری چرن سنگھ کی جانب سے کی گئی جدوجہد کی یاد میں اس کو منایا جاتا ہے۔چودھری چرن سنگھ کی یوم پیدائش کے موقع پر مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے چودھری چرن سنگھ کو خراج عقیدت پیش کیا۔۔جبکہ مرکزی وزیر پرہلا د جوشی نے کسانوں کو مبارکباد دی۔اور چودھر چرن سنگھ کو خراج عقیدت پیش کیا۔

مرکزی حکومت کسانوں کے اہم کردار کی نشاندہی کرتے ہوئے کسانوں کی ترقی کے لئے کئی ایک اقدامات کررہی ہے۔جس میں پردھان

منتری کسان سمان ندھی۔ پردھان منتری فصل بیمہ یوجنا۔ پردھان منتری کسان مان دھان یوجنا شامل ہیں۔

BHATTI

نائب وزیراعلی بھٹی وکرمارکا نے کہا کہ محکمہ فلاح و بہبود کے زیرالتواء اسکالرشپس ۔365 کروڑ روپئوں کو جاری کیا گیا ہے۔انہوں نے سابقہ حکومت سے زیرالتواء بقایاجات کو ادا کرنے عہدیداروں کو ہدایت دی۔حیدرآباد کے پرجا بھون میں نائب وزیراعلی نے محکمہ فینانس اور محکمہ فلاح و بہبود کے عہدیداروں کے ساتھ کل ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔اس موقع پرانہوں نے کہا کہ ایس سی۔ ایس ٹی۔ بی سی۔طلباء کو فائدہ پہونچانے کے لئے حکومت تعلیم کو اہم ترجیح دے رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ طلبا کی ترقی ہی حکومت کا مقصد ہے۔

PONAM TRIBUT

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ سابق وزیراعظم پی وی نرسمہاراو کے آبائی مقام ونگارا۔میں تعمیر کئے جانے والے پی وی میموریل کی تعمیر کو جلد مکمل کرتے ہوئے اس کو دستیاب کروایا جائے گا۔انہوں نے سابق وزیراعظم پی وی نرسمہاراو کی برسی کی موقع پر ان کو خراج عقیدت پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ ملک کے معاشی نظام میں اصلاحات لانے کا اعزاز سابق وزیراعظم پی وی نرسمہاراو کو حاصل ہے۔

BRIDGE

حیدرآباد کے حیات نگر میں قومی شاہراہ پر مقامی عوام نے آج احتجاج کیا۔مقامی عوام نے کہا کہ اس علاقے میں مسلسل سڑک حادثات پیش آرہے ہیں۔اور کئی افراد کی جانیں ضائع ہورہی ہیں۔حیدرآباد۔وجئے واڑہ۔ ہائی وے پرفٹ اوور برتج تعمیر کرنے کا مطالبہ کیا۔عوام کے اس احتجاج کی اطلاع ملنے پر ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا کہ حکومت کی جانب سے حیات نگر کے علاقے لکچرارس کالونی کے قریب فٹ اوور برتج بنایا جائے گا۔ انہوں نے تین مہینوں میں اس کو مکمل کرنے عہدیداروں کو ہدایت بھی دی۔ریاستی وزیر کی اس ہدایت پر عہدیدار حرکت میں آگئے اور فٹ اوور برتج کی تعمیر کے مقام کا جائزہ لیا۔

STALAS

آئندہ ماہ میڈارام میں منعقد ہونے والے سمکا سارلماں مہاجاترا میں ہینڈلوم کی ساڑیوں اور کپڑوں کا اسٹال منعقد کرنے ریاستی وزیر سیتااکا نے عہدیداروں کو ہدایت دی۔انہوں نے کل حیدرآباد کے عابڈس پر واقع ٹیسکو کا دورہ کیا۔اس موقع پرانہوں نے کہا کہ بافندے اپنی محنت کے ذریعہ مختلف اقسام کے ساڑیاں تیار کررہے ہیں۔انہوں نے اس کی ستائش بھی کی۔۔

WEATHER

ریاست میں گذشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران بعض مقامات پر اس موسم میں کم درجہ حررات ریکارڈ کیا گیا ہے۔محکمہ موسمیات نے آنے والے تین دنوں میں بعض مقامات میں کم سے کم درجہ حررات معمول سے تین تا چار ڈگری کم ریکارڈ ہونے کے امکانات ہیں۔

COMMEETTE

ریاستی حکومت نے جرنلسٹوں کے اکریڈیشن کارڈس کی اجرائی کے لئے نئے رہنمایانہ خطوط پر ایک جی او جاری کیا ہے۔ریاستی سطح کی کمیٹی

میں یونینوں کے انتخاب کے لئے ایک میڈیا نوٹیفکشن جاری کیا گیا ہے۔اس نوٹیفکیشن کے مطابق اہلیت رکھنے والے جرنلسٹس یونین۔اس مہینے کی 29 تاریخ تک محکمہ اطلاعات ونشریات کے کمشنر کے پاس اپنے تجاویز۔ضروری دستاویزات کے ساتھ پیش کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

TRAINS

سنکرانتی تہوار کے ضمن میں اپنے آباد مقامات کو جانے والے عوام کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے ساوتھ سنٹرل ریلوے نے ہائی ٹیک سٹی اسٹیشن پر 16 ٹرینوں کوٹھہرنے کی سہولت فراہم کی ہے۔سات جنوری سے بیس جنوری تک ہائی ٹیک سٹی میں عوام کو ریل کا سفر کرنے کی سہولت ملے گی۔اس ضمن میں محکمہ ریلوے کے عہدیداروں نے ٹرینوں کے چلنے کے اوقات اور دیگر امور پر ایک چارٹ کو بھی جاری کیا۔

SARPANCH

ریاست میں نئے منتخب ہونے والے 12 ہزار 702 سرپنچوں۔اور نائب سرپنچوں اور ایک لاکھ گیارہ ہزار آٹھ سو تین وارڈس ممبرس نے کل اپنے عہدے کا حلف لیا۔منڈل پریشد کے عہدیداران۔اورگرام پنچایت کے سکریٹریز نے ان کو حلف دلایا۔نئے منتخب ہونے والے سرپنچوں۔عوامی نمائندوں کو محکمہ پنچایت راج کی وزیر سیتااکا اور وزیر صحت داموددھر راج نرسمہا نے ان کو مبارکبادی۔